تنقید وتبصرہ

اختر راہی ایم۔ اے (تاریخ، سیاسیات)

اسلامی معاشرت | مترجم: وحید الدین سلیم پانی پتی۔ ناشر: مکتبہ معاویہ ۱/۲ بی ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹۔ صفحات: ۱۳۶، کتابت وطباعت: دیدہ زیب۔ قیمت: ۷/- روپے

بعثتِ انبیاء کا ایک مقصد مکارمِ اخلاق کی تکمیل تھا۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو انک لعلی خلقٍ عظیم۔ کے مخاطب تھے۔ آپ کا اسوۂ حسنہ امتِ مسلمہ کے لئے قابلِ اتباع تھا۔ سیاسی زوال کے ساتھ مسلمانوں کی اخلاقی اور تہذیبی اقدار بھی زوال کا شکار ہو گئیں اور آج ہماری زندگی میں اسلامی اقدار وشعائر کے پہلو بہ پہلو غیر اسلامی اقدار بھی پائی جاتی ہیں۔ اہلِ نظر قوم کی اخلاقی وتہذیبی انفرادیت کے محافظ رہے ہیں۔ ان ہی اہلِ نظر میں ایک مولانا وحید الدین سلیم پانی پتی تھے۔ انہوں نے آج سے ایک عرصہ پہلے مسلمانوں کی سیرت وکردار کی اصلاح کے لئے نبی اکرمؐ کی زندگی بطور نمونہ پیش کرنے کے لئے زیرِ تبصرہ کتاب مرتب کی۔ اس کتاب میں انہوں نے حدیث کی مشہور اور معتبر کتاب "کنز العمال" سے "۶۲۹" احادیث کا انتخاب کیا ہے۔

پروفیسر محمد ایوب قادری نے "اسلامی معاشرت" کے موجودہ ایڈیشن میں ذیلی سرخیاں قائم کر کے کتاب کی افادیت میں بے پناہ اضافہ کیا ہے۔ پروفیسر صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے نئی نسل کے اخلاقی انحطاط کو دور کرنے کے لئے ایسی عمدہ کتاب پیش کی ہے۔ کتاب کا مطالعہ ہر فرد کے لئے مفید رہے گا۔ لائبریریوں اور اصلاحی انجمنوں کے لئے اس کتاب کا حلقۂ اشاعت وسیع کرنا ضروری ہے۔

مرج البحرین (مترجم) | مؤلف: شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ۔ مترجم: ثناء الحق ایم۔ اے ملنے کا پتہ: مکتبہ معاویہ ۱/۲ بی ون ایریا۔ لیاقت آباد کراچی۔ قیمت: درج نہیں۔

برِصغیر میں شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ (م ۱۰۵۲ھ) آلِ سلسلۃ الذہب کی ایک اہم کڑی